ایک ثقافت کی بوری

اسلام ، منصوبہ ایک ثقافت کی بوری کو آپ کی مدد کی ضرورت ہے یہ جاننے کے لئے کہ بیرگامو بریشیا اور میلانو کے ریسٹورینٹ کس طرح غیر ضروری فضلہ اکٹھا کرنے کا انتظام کرتے ہیں کیونکہ یورپی قانون کے ہدایت نامہ کے تحت قانون کا نفاذ ہو چکا ہے جس کا نام ہے سنگل یوز پلاسٹک ، جو کہ ایک وقت کے لئے کھانے اور پینے کے لئے استعمال ہونے والی پلاسٹک سے بنی مصنوعا ت پر پابندی عائد کرتا ہے (مثال کے طور پر پلیٹیں ، چھری اور چمچ ، پینے کے لئے پائپ ،خوراک اور مشروبات کے لئے ڈبے)

پروجیکٹ میں حصہ لینا آسان ہے !

ہمیں وقت دیں تا کہ آپ سے ری سائیکلینگ (کچرے کا الگ الگ مجموعہ) اور ڈسپوزایبل پلاسٹک کی مصنوعا ت کے بارے میں با ت چیت کر سکیں ۔ ہم آپ کے تمام شبہا ت کو واضح طور پر دور کرنے کی کوشش کریں گے اور آپ سے ہم پوچھیں گے، کہ آپ اپنے شہر کے دوسرے تاجروں کے لیے سہولیات کو آسان بنانے کے لیے ہماری مدد کریں۔

اس کے علاوہ ، پہلے انٹرویو کے بعد ہم آپ کو مفت کمپوسٹ ایبل فوڈ بیگ فراہم کریں گے تاکہ آپ پہلے سے استعمال شدہ چیزوں کو تبدیل کر سکیں۔

تجربات کی مدت کے بعد ، ہم یہ جاننے کے لیے واپس آئیں گے کہ یہ تجربہ کیسا رہا، اور آپ کے تبصرے جمع کرنے کے لیے۔

تمام شرکاء اپنے شہر کے ماحول کو بہتر بنانے میں دکھائے گئے عزم کی تصدیق کے لیے ڈپلومہ حاصل کریں گے

کچھ باتیں جو کہ ہم آپ سے جاننا چاہیں گے:

- آپ کون سی پلاسٹک کی مصنوعات استعمال کرتے ہیں؟ موقع پر استعمال کے لیے یا جو آپ گھر پہنچاتے یا جو آپ گھر سے لینے کے لیے آتے ہیں ؟
- کیا آپ جانتے ہیں ؟ ری سائیکل مصنوعات کا متبادل جو کہ آپ دوبارہ بھی استعمال کر سکیں۔
- کیا آپ یورپی سنگل یوز پلاسٹک ڈائریکٹیو کو جانتے ہیں ، جوکہ ان میں سے کچھ مصنوعات کے استعمال پر پابندی عائد کرتی ہے؟
- کیا آپ کو اپنے شہر میں کچرے کو الگ الگ جمع کرنے کے بارے میں مشکلات یا شبہات ہیں؟

اس منصوبے میں جو کے فاؤنڈیشن کارپلو کی مالی اعانت کے ذریعے پیش کیا گیا ہے اور جس میں درج ذیل تنظیمات بھی شامل ہیں ، غیر منافع بخش تحقیقی مرکز آیسٹآ ، آپریکا ، کواپریٹو سوسائٹی روآ ، میلان یونیورسٹی اور نوامونٹ (وہ کمپنی جو شرکاء کے لیے مفت کمپوسٹ ایبل فوڈ بیگ مہیا کرتی ہے۔) برگامو کی بلدیہ کی سرپرستی کے ساتھ ، ہم آپ سے اس شہر کی بھلائی کے لیے تعاون کا کہتے ہیں۔ آپ کا تعاون بےحد ضروری ہو گا ۔

فضلے کو صحیح طریقے سے الگ کرنا کیوں ضروری ہے؟

2019 سے بیرگامو میں برآمد شدہ فضلے کے ساتھ ، درج ذیل مواد پیدا کیا جاسکتا ہے :

- پلاسٹک کے ساتھ، 19700 بیٹھنے والے بینچ یا ایک ملین سے زائد اونی سوئیٹر
- شیشے سے ، تقریبا 7.5 ملین بوتلیں۔
- کاغذ سے ، 50 ملین سے زیادہ گتے کے ڈبے۔
- ایلومینیم سے ، 281،500 کافی بنانے والا موکا .
- نامیاتی فضلے سے ،2،000 ٹن قدرتی کھادفي

برگامو میں ، مختلف فضلہ کا اکٹھا کرنا فیصدآ مسلسل بہتر ہو رہا ہے۔

- 2007 میں 49،3٪ اور 2020 میں 73،2 ٪
- اور اپریل 2021 میں اسکی شرح ہے 77،7 ٪
- اپریکا کے زیر انتظام علاقوں میں کچرے کے الگ الگ مجموعہ کو اکٹھا کرنا مجموعی طور پر 74.9 فیصد ہے
- کسی بھی کورا کرکٹ اور فضلے کا ضیاع نہیں ہوتا ہے : ہر وہ چیز جو کہ ری سائیکل نہیں ہو سکتی وہ توانائی کی پیداوار کے لیے وقف ہے

آپریکا کے ذریعہ جمع ہونے کے بعد برگامو میں موجود مختلف فضلہ کا کیا ہوتا ہے؟



ایک دفعہ استعمال ہونے والے پلاسٹک مصنوعات کا استعمال کم کرنا کیوں ضروری ہے؟

• یورپی یونین کے ساحلوں پر پائے جانے والے 80 فیصد سے زیادہ کچرے پلاسٹک سے بنے ہیں ، اور ان میں سے آدھی اشیاء ڈسپوزایبل پلاسٹک سے بنی ہیں-

•اٹلی میں ہر سال 6 سے 7 ارب پلاسٹک کے کپ استعمال ہوتے ہیں ، اور یہ کپ 20 فیصد سمندری گندگی کی نمائندگی کرتے ہیں-

•ہر شخص ہر سال تقریبا 2 کلو ڈسپوزایبل ایک دفعہ استعمال ہونے والے پلاسٹک سے بنے ہوئے برتن استعمال کرتا ہے ، جوکہ کم از کم 50 سال تک ماحول میں رہتا ہے-

ڈسپوز ایبل پلاسٹک کی مصنوعات آسانی سے فضلہ بن جاتی ہیں اور اکثر ماحول میں منتشر ہو جاتی ہیں اس لیے ضروری ہے کے ان کے متبادل استعمال کو عمل میں لایا جاۓ لیکن اگر یہ ممکن نہیں ہے ، کمپوسٹ ایبل متبادل کے ساتھ ، جیسا کہ یورپی سنگل یوز پلاسٹک ڈائریکٹیو میں کہا گیا ہے -

مزید معلومات کے لیے Aprica کی ویب سائٹ www.apricaspa.it ملاحظہ کریں-

اس لنک کے ذریعے کچرے کا الگ الگ مجموعہ اکٹھا کرنے کا کیلنڈر لیا جا سکتا ہے

param=Berg-؟/https://servizizona.a2aambiente.eu/servizi-di-zona/public amo

صفحہ پر «میں اسے کہاں پھینکوں؟» آپ کو اپنے شکوک و شبہات کے جواب ملیں گے کہ کس طرح فضلہ کو الگ کیا جائے-

https://www.apricaspa.it/cittadini/bergamo/dove-lo-butto

PULIamo ایپ ڈاؤن لوڈ کریں ، ہمیشہ آپ کے ساتھ وہ تمام معلومات رکھیں جو آپ کو اپنے فضلے کو صحیح طریقے سے ترتیب دینے کی ضرورت ہے!

منصوبے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے اور معلوماتی مواد ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے ایک ثقافتی بوری کی سائٹ پر بھی جاہیں جو کہ مختلف علاقائی زبانوں میں بھی ہے -

www.unsaccoetnico.it

ESTÀ Economia e Sostenibilità

partner di progetto:

Amsa GRUPPO a2a

Aprica GRUPPO a2a

ADL zavidovici

cooperativa Ruah

UNIVERSITÀ DEGLI STUDI DI MILANO
DIPARTIMENTO DI SCIENZE DELLA MEDIAZIONE LINGUISTICA E DI STUDI INTERCULTURALI

con il contributo di:

Fondazione CARIPLO

NOVAMONT

con il patrocinio di:

COMUNE DI BRESCIA

COMUNE DI BERGAMO

MILANO FOOD POLICY

UN SACCO ETNICO

ایک ثقافتی بوری
Un sacco et(n)ico

سنگل یوز پلاسٹک کو کم کریں اور الگ الگ کوڑا اور نامیاتی مواد کو اکٹھا کرنے کے عمل کو بہتر بنائیں خاص علاقائی ریسٹورنٹ میں-